https://roznamasahara.com/which-subject-will-be-introduced-in-manuu-kashmir-campus-soon-assurance-of-vice-chancellor/

روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA

# مانو کشمیر کیمپس میں عنقریب کون سا مضمون متعارف کرایا جائے گا، وائس چانسلر کی یقین دہانی؟

September 24, 2021



سری نگر،(یو این آئی): مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں عنقریب فارسی مضمون متعارف کرنے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وسطی کشمیر کے ضلع بڈگام میں واقع اردو یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں بہت جلد فارسی مضمون بھی متعارف کیا جائے گا۔

ان کا کہنا تھا کہ کیمپس میں پہلے چار مضامین میں پوسٹ گریجویشن کرائے جا رہے ہیں اور ضلع کے طلبا کی سہولیت کے لئے فارسی مضمون کو بھی جلد ہی متعارف کیا جائے گا۔پروفیسر سید عین الحسن نے یہ اعلان کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ فارسی کے اساتذہ و طلبا کے ساتھ بات چیت کرنے کے دوران پر کیا ہے۔ اس موقع پر شعبے کے سربراہ پروفیسر شاد حسین بھی موجود تھے۔دریں اثنا فارسی مضمون میں پوسٹ گریجویشن کر رہے طلبا نے اس اعلان پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے موصوف وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا ہے۔ایک طالب علم نے یو این آئی اردو کو بتایا کہ کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ فارسی میں پی جی کرنے والے ضلع بڈگام کے طلبا یہ اعلان سن کر خوشی سے پھولے نہیں سمائے۔

انہوں نے کہا: 'شعبہ فارسی میں بات چیت کے دوران طلبا نے پروفیسر عین الحسن صاحب کو یہ بتایا کہ اس شعبے میں پچاس فیصد طلبا ضلع بڈگام سے تعلق رکھتے ہیں اور انہیں پانچ گھنٹے روز یونیورسٹی آنے جانے میں صرف ہو جاتے ہیں'۔

ان کا کہنا تھا: 'یہ سن کر موصوف پروفیسر نے اعلان کیا کہ ہم کشمیر کیمپس میں بہت جلد شعبہ فارسی متعارف کریں گے تاکہ طلبا کو طویل مسافت طے کرنے کی کوفت سے نجات مل سکے'۔

**Al Hubab, 25-09-2021**



## اردو یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں عنقریب فارسی مضمون متعارف کیا جائیگا: پروفیسر سید عین الحسن

سری نگر (یو این آئی) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں عنقریب فارسی مضمون متعارف کرنے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وسطی کشمیر کے ضلع بڈگام میں واقع اردو یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں بہت جلد فارسی مضمون بھی متعارف کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ کیمپس میں پہلے چار مضامین میں پوسٹ گریجویشن کرائی جا رہی ہے اور ضلع کے طلبا کی سہولت کے لئے فارسی مضمون کو بھی جلد ہی متعارف کیا جائے گا۔ پروفیسر سید عین الحسن نے یہ اعلان کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ فارسی کے اساتذہ وطلبا کے ساتھ بات چیت کرنے کے دوران پر کیا ہے۔اس موقع پر شعبے کے سربراہ پروفیسر شاد حسین بھی موجود تھے۔دریں اثنا فارسی مضمون میں پوسٹ گریجویشن کر رہے طلبا نے اس اعلان پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے موصوف وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا ہے۔ایک طالب علم نے یو این آئی اردو کو بتایا کہ کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ فارسی میں پی جی کرنے والے ضلع بڈگام کے طلبا یہ اعلان سن کر خوشی سے پھولے نہیں سمائے۔انہوں نے کہا: 'شعبہ فارسی میں بات چیت کے دوران طلبا نے پروفیسر عین الحسن صاحب کو یہ بتایا کہ اس شعبے میں پچاس فیصد طلبا ضلع بڈگام سے تعلق رکھتے ہیں اور انہیں پانچ گھنٹے روز یونیورسٹی آنے جانے میں صرف ہو جاتے ہیں'۔ان کا کہنا تھا: 'یہ سن کر موصوف پروفیسر نے اعلان کیا کہ ہم کشمیر کیمپس میں بہت جلد شعبہ فارسی متعارف کریں گے تاکہ طلبا کو طویل مسافت طے کرنے کی کوفت سے نجات مل سکے'۔

موصوف وائس چانسلر نے بدھ کے روز کشمیر یونیورسٹی میں منعقدہ 'قومی اردو سائنس کانگریس' کے حاشیے پر یو این آئی اردو کو دیے گئے ایک انٹرویو کے دوران کشمیر کیمپس میں فارسی مضمون شروع کرنے کے بارے کہا تھا: 'یہاں کشمیر یونیورسٹی میں بھی فارسی مضمون پڑھایا جارہا ہے، ہم فارن لینگویجز کے لئے ایک ڈویژن بنانے کی کوشش کر رہے ہیں جس میں فارسی، عربی، چینی، جرمن وغیرہ جیسی بڑی فارن زبانیں پڑھائی جائیں گی'۔

دریں اثنا یونیورسٹی کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر عین الحسن نے جمعرات کو جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے راج بھون میں ملاقات کی اور یونیورسٹی کے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں پر تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا: 'معزز لیفٹیننٹ گورنر نے بڈگام میں مانو کیمپس کی ترقی میں مکمل تعاون کا یقین دیا ہے'۔ بتادیں کہ یونیورسٹی طذا کا آرٹس اینڈ سائنس کالج اور کالج فار ٹیچر ایجوکیشن فی الوقت ضلع بڈگام کے ہمہامہ علاقے میں کرایہ کی عمارتوں میں قائم ہیں۔آرٹس اینڈ سائنس کالج میں اردو، انگریزی، اسلامک اسٹڈیز اور اقتصادیات میں پوسٹ گریجویشن اور پی ایچ ڈی کورسز کی تعلیم فراہم کی جارہی ہے جبکہ کالج فار ٹیچر ایجوکیشن بی ایڈ اور ایم ایڈ کی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔


---

https://urduduniya.in/manuu-vc-meets-lt-governor-of-jammu-kashmir/

24/09/2021 اردو دنیاUrdu Duniya

## پروفیسر عین الحسن کی لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر سے ملاقات

## اُردو یونیورسٹی کے بڈگام کیمپس کی تعمیر میں تعاون کا تیقن



حیدرآباد، 24، ستمبر :(اردودنیا.اِن/ایجنسیاں)مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کل لفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر جناب منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے مانو میں اُردو کے فروغ کے لیے چلائے جارہے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے متعلق لفٹننٹ گورنر کو معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے فاصلاتی تعلیم کے مسائل پر بھی گفتگو کی۔ گورنر نے بڈگام(سری نگر) میں مانو کے کیمپس کی تعمیر و ترقی کا میں ہر ممکنہ تعاون کا تیقن دیا۔انہوں نے طلبہ کی رائے (فیڈ بیک) کو ملحوظ رکھنے اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا مشورہ بھی دیا۔

لفٹننٹ گورنر سے ملاقات سے قبل پروفیسر سید عین الحسن نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مانو کیمپس، بڈگام کی تعمیر و ترقی میں مقامی حکومت و عوام کا تعاون اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تعمیراتی کام کا بہت جلد آغاز ہوگا۔ اس کے علاوہ ہائر ایجوکیشن فنڈنگ ایجنسی (ہیفا) سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیمپس کی تعمیر بعد داخلوں میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ پروفیسر عین الحسن نے مزید کہا کہ مانو،

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن سے اجازت حاصل کر کے ایک فارن لینگویج کا شعبہ قائم کرنا چاہتی ہے جس میں فارسی، عربی، چینی، جرمن وغیرہ کی تعلیم ہوگی۔

اس سے قبل پروفیسر عین الحسن نے 22؍ستمبر کو سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر میں منعقدہ قومی اردو سائنس کانگریس کے اجلاس بعنوان "اردو میں سائنس کی ترسیل، ترویج اور توسیع : امکانات اور مستقبل کے حوالے سے تنظیموں کا کردار" کی صدارت کی۔ سائنس کانگریس، وگیان پرسار، نئی دہلی اور سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر گاندھربل کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ وائس چانسلر سائنس کانگریس کے کل منعقدہ اختتامی اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے۔

مختلف سرگرمیوں کے دوران پروفیسر سید عین الحسن نے کل کشمیر یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ مانو کے سری نگر کیمپس میں بھی بہت جلد شعبۂ فارسی قائم کریں گے۔ انہوں نے اردو یونیورسٹی کے ریجنل سنٹر، کالج آف ٹیچر ایجوکیشن اور آرٹس اینڈ سائنس کالج، سری نگر کا دورہ بھی کیا۔ ڈاکٹر اعجاز اشرف، ریجنل ڈائرکٹر،ریجنل سنٹر؛ ڈاکٹر غضنفر علی خان، پرنسپل آرٹس اینڈ سائنس کالج اور ڈاکٹر طارق مسعودی، انچارج پرنسپل سی ٹی ای اور دیگر نے ان کا استقبال کیا۔

اردو یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں عنقریب فارسی مضمون متعارف کیا جائے گا: پروفیسر سید عین الحسن

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں عنقریب فارسی مضمون متعارف کرنے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وسطی کشمیر کے ضلع بڈگام میں واقع اردو یونیورسٹی کے کشمیر کیمپس میں بہت جلد فارسی مضمون بھی متعارف کیا جائے گا۔

مانو کے بڈگام کیمپس میں اردو، اسلامک اسٹڈیز، انگریزی اور معاشیات میں ایم اے کے کورسس پہلے سے دستیاب ہیں۔ اور ضلع کے طلبا کی سہولیت کے لئے فارسی مضمون کو بھی جلد ہی متعارف کیا جائے گا۔پروفیسر سید عین الحسن نے یہ اعلان کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ فارسی کے اساتذہ و طلبا کے ساتھ بات چیت کرنے کے دوران پر کیا ہے۔ اس موقع پر شعبے کے سربراہ پروفیسر شاد حسین بھی موجود تھے۔

دریں اثنا فارسی مضمون میں پوسٹ گریجویشن کر رہے طلبا نے اس اعلان پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے موصوف وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا ہے۔ایک طالب علم نے بتایا کہ کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ فارسی میں پی جی کرنے والے ضلع بڈگام کے طلبا یہ اعلان سن کر خوشی سے پھولے نہیں سمائے۔انہوں نے کہا ‘شعبہ فارسی میں بات چیت کے دوران طلبا نے پروفیسر عین الحسن صاحب کو یہ بتایا کہ اس شعبے میں پچاس فیصد طلبا ضلع بڈگام سے تعلق رکھتے ہیں اور انہیں پانچ گھنٹے روز یونیورسٹی آنے جانے میں صرف ہو جاتے ہیں۔یہ سن کر وائس چانسلر نے اعلان کیا کہ ہم کشمیر کیمپس میں بہت جلد شعبہ فارسی متعارف کریں گے تاکہ طلبا کو طویل مسافت طے کرنے کی کوفت سے نجات مل سکے۔

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------------
--

https://urduleaks.com/education/manuu-vc-meets-lt-governor-of-jammu-and-kashmir-115749/

Urdu Leaks (Urdu News Portal)

ستمبر 27, 2021

## پروفیسر عین الحسن کی لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر سے ملاقات اُردو یونیورسٹی کے بڈگام کیمپس کی تعمیر میں تعاون کا تیقن



حیدرآباد، 24ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کل لفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر جناب منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے مانو میں اُردو کے فروغ کے لیے چلائے جارہے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے متعلق لفٹننٹ گورنر کو معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے فاصلاتی تعلیم کے مسائل پر بھی گفتگو کی۔ گورنر نے بڈگام(سری نگر (میں مانو کے کیمپس کی تعمیر و ترقی کا میں ہر ممکنہ تعاون کا تیقن دیا۔انہوں نے طلبہ کی رائے (فیڈ بیک) کو ملحوظ رکھنے اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا مشورہ بھی دیا۔

لفٹننٹ گورنر سے ملاقات سے قبل پروفیسر سید عین الحسن نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مانو کیمپس، بڈگام کی تعمیر و ترقی میں مقامی حکومت و عوام کا تعاون اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تعمیراتی کام کا بہت جلد آغاز ہوگا۔ اس کے علاوہ ہائر ایجوکیشن فنڈنگ ایجنسی (ہیفا) سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیمپس کی تعمیر بعد داخلوں میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ پروفیسر عین الحسن نے مزید کہا کہ مانو، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن سے اجازت حاصل کر کے ایک فارن لینگویج کا شعبہ قائم کرنا چاہتی ہے جس میں فارسی، عربی، چینی، جرمن وغیرہ کی تعلیم ہوگی۔

اس سے قبل پروفیسر عین الحسن نے 22ستمبر کو سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر میں منعقدہ قومی اردو سائنس کانگریس کے اجلاس بعنوان ”اردو میں سائنس کی ترسیل، ترویج اور توسیع : امکانات اور مستقبل کے حوالے سے تنظیموں کا کردار“ کی صدارت کی۔ سائنس کانگریس، وگیان پرسار، نئی دہلی اور سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر گاندھربل کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ وائس چانسلر سائنس کانگریس کے کل منعقدہ اختتامی اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے۔

مختلف سرگرمیوں کے دوران پروفیسر سید عین الحسن نے کل کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ فارسی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ مانو کے سری نگر کیمپس میں بھی بہت جلد شعبہ فارسی قائم کریں گے۔ انہوں نے اردو یونیورسٹی کے ریجنل سنٹر، کالج آف ٹیچر ایجوکیشن اور آرٹس اینڈ سائنس کالج، سری نگر کا دورہ بھی کیا۔ ڈاکٹر اعجاز اشرف، ریجنل ڈائرکٹر،ریجنل سنٹر؛ ڈاکٹر غضنفر علی خان، پرنسپل آرٹس اینڈ سائنس کالج اور ڈاکٹر طارق مسعودی، انچارج پرنسپل سی ٹی ای اور دیگر نے ان کا استقبال کیا

------------------------------------------------------------------------------------------------------------------------------

--

http://www.uniurdu.com/manuu-vc-meets-lt-governor/others/news/2514987.html#.YU2o8N-

یو این آئی اردو سروس
ایشیاء کی اولین اردو خبر رساں ایجنسی

UNI
BREVITY ACCURACY SPEED

Monday, Sep 27 2021 | Time 12:00 Hrs(IST)

## پروفیسر عین الحسن کی لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر سے ملاقات



اُردو یونیورسٹی کے بڈگام کیمپس کی تعمیر میں تعاون کا تیقن
حیدرآباد، 24 ستمبر ( یو این آئی ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کل لفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر جناب منوج سنہا سے ملاقات کی۔

انہوں نے مانو میں اُردو کے فروغ کے لیے چلائے جارہے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے متعلق لفٹننٹ گورنر کو معلومات فراہم کیں۔

انہوں نے فاصلاتی تعلیم کے مسائل پر بھی گفتگو کی۔

https://munsifdaily.com/manuu-vc-meets-jks-lt-governor-development-of-budgam-campus-discussed/

The Munsif Daily

# MANUU VC Meets J&K's Lt. Governor; Development of Budgam Campus Discussed

The Lt. Governor in the meeting assured full support in developing MANUU campus at Budgam, Srinagar and advised to incorporate student's feedback culture while maintaining the high standards of the University.

Posted by: Anwar WajhiLast Updated: 24 September 2021 - 17:29



Hyderabad: Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor, Maulana Azad National Urdu University (MANUU), called on Honorable Lieutenant Governor of Jammu & Kashmir, Manoj Sinha at Raj Bhavan, Srinagar on 23rd September 2021 and discussed about various academic & research programs of MANUU. The Lt. Governor in the meeting assured full support in developing MANUU campus at Budgam, Srinagar and advised to incorporate student's feedback culture while maintaining the high standards of the University.

The Vice Chancellor had told the media, before meeting the Lt. Governor, support of local government and people is essential in developing the infrastructure of the proposed MANUU Campus at Budgam. He expressed the hope that construction work will start soon with their support. Higher Education funding Agency (HEFA) will also contribute, he added. Once the campus is ready the enrolment of students will also increase, he expressed the hope. Prof. Ainul Hasan also revealed that MANUU is seeking UGC's approval to establish Foreign language division at Srinagar Campus which will include languages like Persian, Arabic, Chinese and German etc.

Earlier, Prof. Hasan presided over a session on "Role of organisations in SCoPE in Urdu" at National Urdu Science Congress organized by Vigyan Prasar, New Delhi and Central University of Kashmir, Ganderbal on September 22, 2021. He was also the guest of honour during valedictory session of .Science Congress held yesterday

The Vice-Chancellor also visited MANUU's Regional Centre, College of Teacher Education and Arts & Science College Budgam. Dr. Ghazanfer Ali Khan, (Principal, Arts & Science College Budgam), Dr. Tarique Ahmad Masoodi (Principal, CTE Srinagar), Dr. Aijaz Ashraf (Regional Director, RC Srinagar) and other .officials welcomed and interacted with him

DAILYEXCELSIOR.COM
The Largest Circulated Daily of Jammu and Kashmir
/https://www.dailyexcelsior.com/mayor-smc-vc-manuu-secretary-nfch-call-on-lg

# Mayor SMC, VC MANUU, Secretary NFCH call on LG

By Daily Excelsior 24/09/2021



Lt Governor Manoj Sinha meeting VC Maulana Azad National Urdu University on Thursday.

Excelsior Correspondent

SRINAGAR, Sept 23: Junaid Azim Mattu, Mayor Srinagar Municipal Corporation today called on Lieutenant Governor, Manoj Sinha here at Raj Bhavan.

The Mayor apprised the Lt Governor about various developmental and other issues of public importance.

Video Player is loading.

The Lt Governor advised the Mayor to take comprehensive measures for ensuring better service delivery to the people and make Srinagar a more sustainable and vibrant city.

Meanwhile, Manoj Pant, Secretary National Foundation for Communal Harmony met the Lt Governor and discussed about the Foundation's programmes aimed at promoting communal harmony, and fostering unity in diversity, besides reaching out to the victims of violence, especially children, through collaborative social action.

The Lt Governor appreciated NFCH for working with a vision of strengthening the spirit of national integration, and encouraging interfaith dialogue for promoting peace & prosperity amongst all the sects.

Later, Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor Maulana Azad National Urdu University also called on Lt Governor and discussed various ongoing teaching and research programmes in the University for promoting Urdu Language. He also projected issues pertaining to distance education programmes of the University, besides power and water supply in University's campus at Budgam.


The Lt Governor advised the VC to incorporate students' feedback culture while maintaining the high standards of the University. The Lt Governor assured him that the issues projected would be looked into meticulously for their early redressal.

رہنمائے دکن

2 5 SEP 2021

# پروفیسر عین الحسن کی لفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر سے ملاقات

## اُردو یونیورسٹی کے بڈگام کیمپس کی تعمیر میں تعاون کا تیقن



حیدرآباد۔ 24؍ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کل لفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر جناب منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے مانو میں اُردو کے فروغ کے لیے چلائے جارہے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے متعلق لفٹننٹ گورنر کو معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے فاصلاتی تعلیم کے مسائل پر بھی گفتگو کی۔ گورنر نے بڈگام (سری نگر) میں مانو کے کیمپس کی تعمیر و ترقی کا میں ہر ممکنہ تعاون کا تیقن دیا۔ انہوں نے طلبہ کی رائے (فیڈ بیک) کو ملحوظ رکھنے اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا مشورہ بھی دیا۔ لفٹننٹ گورنر سے ملاقات سے قبل پروفیسر سید عین الحسن نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مانو کیمپس، بڈگام کی تعمیر و ترقی میں مقامی حکومت وعوام کا تعاون اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تعمیراتی کام کا بہت جلد آغاز ہوگا۔ اس کے علاوہ ہائر ایجوکیشن فنڈنگ ایجنسی (ہیفا) سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیمپس کی تعمیر بعد داخلوں میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ پروفیسر عین الحسن نے مزید کہا کہ مانو، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن سے اجازت حاصل کر کے ایک فارن لینگویج کا شعبہ قائم کرنا چاہتی ہے جس میں فارسی، عربی، چینی، جرمن وغیرہ کی تعلیم ہوگی۔ اس سے قبل پروفیسر عین الحسن نے 22 ستمبر کو سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر میں منعقدہ قومی اردو سائنس کانگریس کے اجلاس بعنوان [ ؟ ] اردو میں سائنس کی ترسیل، ترویج اور توسیع: امکانات اور مستقبل کے حوالے سے تنظیموں کا کردار [ ؟ ] کی صدارت کی۔ سائنس کانگریس، وگیان پرسار، نئی دہلی اور سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر گاندھربل کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ وائس چانسلر سائنس کانگریس کے کل منعقدہ اختتامی اجلاس میں مہمان خصوصی تھے۔ مختلف سرگرمیوں کے دوران پروفیسر سید عین الحسن نے کل کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ فارسی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ مانو کے سری نگر کیمپس میں بھی بہت جلد شعبہ فارسی قائم کریں گے۔ انہوں نے اردو یونیورسٹی کے ریجنل سنٹر، کالج آف ٹیچر ایجوکیشن اور آرٹس اینڈ سائنس کالج، سری نگر کا دورہ بھی کیا۔ ڈاکٹر اعجاز اشرف، ریجنل ڈائرکٹر، ریجنل سنٹر؛ ڈاکٹر غضنفر علی خان، پرنسپل آرٹس اینڈ سائنس کالج اور ڈاکٹر طارق مسعودی، انچارج پرنسپل سی ٹی ای اور دیگر نے ان کا استقبال کیا۔

RD

سیاست

# وائس چانسلر اردو یونیورسٹی کی لیفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر سے ملاقات

## بڈگام میں یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر، مختلف زبانوں کے کورسس کی تجویز




حیدرآباد۔24۔ستمبر (سیاست نیوز) وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی پروفیسر سید عین الحسن نے سری نگر میں لیفٹننٹ گورنر جموں و کشمیر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے یونیورسٹی میں اردو کے فروغ کے لئے تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے واقف کرایا۔ لیفٹننٹ گورنر نے فاصلاتی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اسے مزید وسعت دینے کی صلاح دی۔ گورنر نے بڈگام علاقہ میں مانو کے کیمپس کی تعمیر اور ترقی میں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے طلبہ کی رائے کو ملحوظ رکھتے ہوئے معیار تعلیم کو مزید بہتر بنانے کا مشورہ دیا۔ پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ بڈگام میں کیمپس کی تعمیر کے لئے حکومت کا تعاون اہمیت کا حامل ہے۔ تعمیری کاموں کا بہت جلد آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہائیر ایجوکیشن فنڈنگ ایجنسی سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ کیمپس کی تعمیر کے بعد داخلوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ یو جی سی سے اجازت حاصل کرتے ہوئے فارن لینگویجس کا شعبہ قائم کرنے کی تجویز ہے جس میں فارسی، عربی، جرمن اور چینی زبانوں کی تعلیم کا انتظام رہے گا۔ وائس چانسلر نے سری نگر میں قومی اردو سائنس کانگریس کے اجلاس سے خطاب کیا اور کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ فارسی کا دورہ کیا۔ ر

S

**Sakshi** 2 5 SEP 2021 راشٹریہ سہارا



# శ్రీనగర్‌లోని 'మనూ' సెంటర్ అభివృద్ధికి నిర్ణయం



జమ్మూకాశ్మీర్ లెఫ్టినెంట్ గవర్నర్ మనోజ్‌సిన్హాను కలిసిన 'మనూ' వీసీ ఐనుల్ హసన్

రాయదుర్గం: జమ్మూ అండ్ కాశ్మీర్ లెఫ్టినెంట్ గవర్నర్ మనోజ్ సిన్హాను మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం వైస్ చాన్స్‌లర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ కలిశారు. బడ్గామ్, శ్రీనగర్‌లోని ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం రీజనల్ సెంటర్ల అభివృద్ధి, ఉన్నత నైపుణ్యాలతో నాణ్యమైన విద్య విద్యార్థులకు అందేలా చూడాలని ఈ సందర్భంగా ఇద్దరూ నిర్ణయించారు. ఈ మేరకు యూనివర్సిటీ శుక్రవారం ఓ ప్రకటన విడుదల చేసింది. ఈ సందర్భంగా వీసీ ఐనుల్ హసన్ మాట్లాడుతూ, బడ్గామ్, శ్రీనగర్‌లోని మనూ రీజనల్ సెంటర్ క్యాంపస్‌లో మౌలిక సదుపాయాలను అభివృద్ధి చేయడంలో ప్రభుత్వ, ప్రజల సహకారం అవసరమన్నారు. శ్రీనగర్ క్యాంపస్‌లో పర్షియన్, అరబిక్, చైనీస్, జర్మన్ వంటి భాషలను కలిగి ఉందని, అందుకే ఈ క్యాంపస్‌లో విదేశీ భాషా విభాగాన్ని స్థాపించడానికి యూజీసీ ఆమోదం పొందుతామన్నారు. ప్రిన్సిపల్స్ డాక్టర్ గజాన్‌ఫర్‌అలీఖాన్, డాక్టర్ తారిక్ ఆహ్మద్ మసూది, ప్రాంతీయ డైరెక్టర్ డాక్టర్ ఐజాజ్‌అష్రఫ్ పాల్గొన్నారు.

# پروفیسر عین الحسن کی لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر سے ملاقات

## اُردو یونیورسٹی کے بڈگام کیمپس کی تعمیر میں تعاون کا تیقن



حیدرآباد۔(پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کل لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر جناب منوج سنہا سے ملاقات کی۔انہوں نے مانو میں اُردو کے فروغ کے لیے چلائے جارہے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے متعلق لفٹننٹ گورنر کو معلومات فراہم کیں۔گورنر نے بڈگام (سری نگر) میں مانو کے کیمپس کی تعمیر وترقی کا میں ہر ممکنہ تعاون کا تیقن دیا۔انہوں نے طلبہ کی رائے (فیڈ بیک) کو ملحوظ رکھنے اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا مشورہ بھی دیا۔لفٹننٹ گورنر سے ملاقات سے قبل پروفیسر سید عین الحسن نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مانو کیمپس، بڈگام کی تعمیر وترقی میں مقامی حکومت وعوام کا تعاون اہم ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ تعمیراتی کام کا بہت جلد آغاز ہوگا۔اس کے علاوہ ہائر ایجوکیشن فنڈنگ ایجنسی (ہیفا) سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کیمپس کی تعمیر بعد داخلوں میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے۔

RS

Telangana Today

2 7 SEP 2021

# Last date for MANUU admissions September 30

CITY BUREAU
Hyderabad

The last date for online submission of application form for admissions into merit-based programmes of Maulana Azad National Urdu University (MANUU) is September 30.

For any clarifications, interested students can email to admissionsregular@manuu.edu.in and for general queries can contact admission helpdesk on 9523558551, 9866802414, 6302738370 and 9849847434.

For more details, visit the website https://manuu.edu.in/

Meanwhile, Department of Persian, Maulana Azad National Urdu University, in collaboration with Culture House of the Islamic Republic of Iran, Mumbai is organizing a one-day online international webinar on 'Mir Anis and Mohtasham Kashani – the two eminent lamenter poets of India and Iran' on October 1 from 2 pm.

TT

Times of India

# MANUU begins online admission

**Hyderabad:** The online submission of application form for taking admissions in merit-based programmes of Maulāna Azad National Urdu University (MANUU) is available till September 30.

To take entry into main stream education, Bridge courses for admission in Under Graduate (B.Com./B.Sc.) programmes is available for Madrassa passouts. University also provides Lateral Entry programme into B. Tech. and Polytechnics.

For any clarifications email to admissionsregular@manuu.edu.in. For general queries contact admission helpdesk: 9523558551, 9866802414, 6302738370 and 9849847434. TNN

ToI

رہنمائے دکن

27 SEP 2021

## اُردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی ویبنار

حیدرآباد26/ستمبر(پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور کلچر ہاؤس آف اسلامک ریپبلک ایران، ممبئی کے زیر اہتمام یکم/اکتوبر2021ء کو دوپہر 2 بجے زوم پر بین الاقوامی ویبنار کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ ویبنار کا عنوان ہندوایران کے دوممتاز مرثیہ نگار شعراء "میرانیس ومحتشم کاشانی" ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر افتتاحی خطاب کریں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبۂ فارسی، مانو؛ پروفیسر نرگس جابری نسب، آزاد اسلامک یونیورسٹی، تہران، ایران؛ ڈاکٹر سلیمان زارے، ایران، ریٹائرڈ پروڈیوسر آئی آر آئی بی (ریڈیو ٹیلی ویژن چیانل) واسکالر شعبۂ اردو مانو؛ جناب ابوطالب رضوی، ممتاز و ڈائرکٹر و پروڈیوسر؛ پروفیسر نکہت جہاں، نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو؛ پروفیسر اشتیاق احمد، سنٹر فار پرشین اینڈ سنٹرل ایشین اسٹڈیز، جے این یو، نئی دہلی؛ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ فارسی، مانو کے خطابات ہوں گے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ماڈریٹر کے فرائض انجام دیں گے۔ ڈاکٹر محسن عاشوری، ڈائرکٹر ایران کلچر ہاؤس، ممبئی شکریہ ادا کریں گے۔

منصف

## اُردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی ویبنار

حیدرآباد 26/ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور کلچر ہاؤس آف اسلامک ریپبلک ایران، ممبئی کے زیر اہتمام یکم/اکتوبر 2021ء کو دوپہر 2 بجے زوم پر بین الاقوامی ویبنار کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ ویبنار کا عنوان ہند وایران کے دوممتاز مرثیہ نگار شعراء "میرانیس ومحتشم کاشانی" ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر افتتاحی خطاب کریں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبۂ فارسی، مانو؛ پروفیسر نرگس جابری نسب، آزاد اسلامک یونیورسٹی، تہران، ایران؛ ڈاکٹر سلیمان زارے، ایران، ریٹائرڈ پروڈیوسر آئی آر آئی بی (ریڈیو ٹیلی ویژن چیانل) واسکالر شعبۂ اردو مانو؛ ابوطالب رضوی، ممتاز و ڈائرکٹر و پروڈیوسر؛ پروفیسر نکہت جہاں، نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو؛ پروفیسر اشتیاق احمد، سنٹر فار پرشین اینڈ سنٹرل ایشین اسٹڈیز، جے این یو، نئی دہلی؛ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ فارسی، مانو کے خطابات ہوں گے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ماڈریٹر کے فرائض انجام دیں گے۔ ڈاکٹر محسن عاشوری، ڈائرکٹر ایران کلچر ہاؤس، ممبئی شکریہ ادا کریں گے۔

Sakshi

## 1న 'మనూ'లో అంతర్జాతీయ పర్షియన్ వెబినార్

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వ విద్యాలయంలో వచ్చేనెల 1వ తేదీన ఒకరోజు అంతర్జాతీయ పర్షియన్ వెబినార్ నిర్వహిస్తున్నట్లు పర్షియన్ డిపార్ట్ మెంట్ హెడ్ ప్రొఫెసర్ అజీజ్‌బానో ఆదివారం తెలిపారు. పర్షియన్ డిపార్ట్‌మెంట్, ముంబైలోని ఇస్లామిక్ రిపబ్లిక్ ఆఫ్ ఇరాన్‌లోని కల్చర్ హౌజ్ సంయుక్త ఆధ్వర్యంలో మధ్యాహ్నం 2 గంటలకు జూమ్ ద్వారా సమావేశాన్ని నిర్వహిస్తున్నట్లు చెప్పారు. వైస్ ఛాన్సలర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ ఆధ్వర్యంలో జరిగే సమావేశంలో ముంబై ఇరాన్ కల్చర్ హౌజ్ డైరెక్టర్ డాక్టర్ మోహసిన్ అషౌరి ప్రత్యేక ఉపన్యాసం చేస్తారని తెలిపారు. కార్యక్రమంలో మోడరేటర్‌గా ప్రొఫెసర్ షాహిద్ నౌఖెజ్ ఆజ్మీ వ్యవహరిస్తారన్నారు.

رہنمائے دکن 27 SEP 2021

# اونچے خواب سچا جذبہ اور کڑی محنت ہی کامیابی کی کلید

## اردو یونیورسٹی کے آن لائن پروگرام گفتگو میں قیصر خالد آئی پی ایس کا اظہار خیال

حیدرآباد 26 ستمبر (پریس نوٹ) سرپرست اور اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو نہ صرف اونچے خواب دیکھنا سکھائیں بلکہ اس کے لئے ان کے اندر سچا جذبہ اور کڑی محنت کے لیے آمادگی بھی پیدا کریں۔ یہ کام سختی کے بجائے نرمی اور حوصلہ افزائی کے ذریعہ کیا جانا چاہیے۔ یہی کامیابی کی اصل کلید ہے۔ ان خیالات کا اظہار جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے کل مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ایک آن لائن پروگرام ''گفتگو'' کے تحت منعقدہ مذاکرے میں کیا۔ اسکول برائے تعلیم و تربیت اور ماڈل اسکول کے زیر اہتمام منعقدہ مذاکرے کا عنوان ''مسابقتی تیاری'' تھا۔ جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے اس مذاکرے میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، وانچارج رجسٹرار، نے مہمان کے ساتھ مذاکرات میں حصہ لیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبۂ تعلیم و تربیت نے مذاکرہ کے موضوع پر روشنی ڈالی۔ محترمہ مومن سمیہ نے مہمان خصوصی جناب قیصر خالد کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر شائستہ پروین نے ہدیہ تشکر ادا کیا۔ کمیٹی کے اراکین میں پروفیسر عبدالسیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی، ڈاکٹر کفیل احمد، پرنسپل، مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد اور ڈاکٹر محمد اکبر، اسسٹنٹ



پروفیسر نے انتظامات کی نگرانی کی۔ ڈاکٹر اطہر حسین، پروگرام کوارڈینیٹر نے نظامت کی۔ اجلاس کا آغاز جناب غفران برکاتی، اسسٹنٹ پروفیسر کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب اور دیگر سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر لائیو ٹیلی کاسٹ کیا۔ بڑی تعداد میں اساتذہ، طلبہ اور دیگر خواہشمند افراد نے مذاکرے کا آن لائن مشاہدہ کیا اور مہمان سے میزبان کے ذریعے سوالات بھی کیے۔

روزنامہ الحیات
شہر نگاراں
hi 27-09-2021

# اونچے خواب سچا جذبہ اور کڑی محنت ہی کامیابی کی کلید

## اردو یونیورسٹی کے آن لائن پروگرام گفتگو میں قیصر خالد آئی پی ایس کا اظہار خیال




الحیات نیوز سروس

حیدرآباد 26 ستمبر: سرپرست اور اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو نہ صرف اونچے خواب دیکھنا سکھائیں بلکہ اس کے لئے ان کے اندر سچا جذبہ اور کڑی محنت کے لیے آمادگی بھی پیدا کریں۔ یہ کام سختی کے بجائے نرمی اور حوصلہ افزائی کے ذریعہ کیا جانا چاہئے۔ یہی کامیابی کی اصل کلید ہے۔ ان خیالات کا اظہار جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے کل مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ایک آن لائن پروگرام "گفتگو" کے تحت منعقدہ مذاکرے میں کیا۔ اسکول برائے تعلیم و تربیت اور ماڈل اسکول کے زیر اہتمام منعقدہ مذاکرے کا عنوان "مسابقتی تیاری" تھا۔ جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے اس مذاکرے میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، و انچارج رجسٹرار، نے مہمان کے ساتھ مذاکرات میں حصہ لیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبۂ تعلیم و تربیت نے مذاکرہ کے موضوع پر روشنی ڈالی۔ محترمہ مومن سمیہ نے مہمان خصوصی جناب قیصر خالد کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر شائستہ پروین نے ہدیہ تشکر ادا کیا۔ کمیٹی کے اراکین میں پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی، ڈاکٹر کفیل احمد، پرنسپل، مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد اور ڈاکٹر محمد اکبر، اسسٹنٹ پروفیسر نے انتظامات کی نگرانی کی۔ ڈاکٹر اطہر حسین، پروگرام کوارڈینیٹر نے نظامت کی۔ اجلاس کا آغاز جناب غفران برکاتی، اسسٹنٹ پروفیسر کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمس پر لائیو ٹیلی کاسٹ کیا۔ بڑی تعداد میں اساتذہ، طلبہ اور دیگر خواہشمند افراد نے مذاکرے کا آن لائن مشاہدہ کیا اور مہمان سے میزبان کے ذریعے سوالات بھی کئے۔

AL HAYAT Ranchi 27-09-2021

# اردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی ویبنار

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد 26 ستمبر: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور کلچر ہاؤس آف اسلامک ریپبلک ایران، ممبئی کے زیر اہتمام یکم اکتوبر 2021ء کو دوپہر 2 بجے زوم پر بین الاقوامی ویبنار کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ویبنار کا عنوان ہند و ایران کے دو ممتاز مرثیہ نگار شعراء "میر انیس و محتشم کاشانی" ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر افتتاحی خطاب کریں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبۂ فارسی، مانو؛ پروفیسر نرگس جابری نسب، آزاد اسلامک یونیورسٹی، تہران، ایران؛ ڈاکٹر سلیمان زارے، ایران، ریٹائرڈ پروڈیوسر آئی آر آئی بی (ریڈیو ٹیلی ویژن چینل) و اسکالر شعبۂ اردو مانو؛ جناب ابو طالب رضوی، ممتاز ڈائرکٹر و پروڈیوسر؛ پروفیسر نکہت جہاں، نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو؛ پروفیسر اشتیاق احمد، سنٹر فار پرشین اینڈ سنٹرل ایشین اسٹڈیز، جے این یو، نئی دہلی؛ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ فارسی، مانو کے خطابات ہوں گے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ماڈریٹر کے فرائض انجام دیں گے۔ ڈاکٹر محسن عاشوری، ڈائرکٹر ایران کلچر ہاؤس ممبئی شکریہ ادا کریں گے۔

آداب تلنگانہ
پیر۔ 27 ستمبر 2021ء




# اونچے خواب سچا جذبہ اور کڑی محنت ہی کامیابی کی کلید

## اردو یونیورسٹی کے آن لائن پروگرام، قیصر خالد آئی پی ایس کا اظہار خیال

حیدرآباد 26 ستمبر ( آداب تلنگانہ نیوز ) سرپرست اور اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو نہ صرف اونچے خواب دیکھنا سکھائیں بلکہ اس کے لئے ان کے اندر سچا جذبہ اور کڑی محنت کے لیے آمادگی بھی پیدا کریں۔ یہ کام سختی کے بجائے نرمی اور حوصلہ افزائی کے ذریعہ کیا جانا چاہئے۔ یہی کامیابی کی اصل کلید ہے۔ ان خیالات کا اظہار جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے کل مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ایک آن لائن پروگرام ''گفتگو'' کے تحت منعقدہ مذاکرے میں کیا۔ اسکول برائے تعلیم و تربیت اور ماڈل اسکول کے زیر اہتمام منعقدہ مذاکرے کا عنوان ''مسابقتی تیاری'' تھا۔ جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے اس مذاکرے میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ، وانچارج رجسٹرار، نے مہمان کے ساتھ مذاکرات میں حصہ لیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبۂ تعلیم و تربیت نے مذاکرہ کے موضوع پر روشنی ڈالی۔ محترمہ مومن سمیہ نے مہمان خصوصی جناب قیصر خالد کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر شائستہ پروین نے ہدیہ تشکر ادا کیا۔ کمیٹی کے اراکین میں پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی، ڈاکٹر کفیل احمد، پرنسپل، مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد اور ڈاکٹر محمد اکبر، اسسٹنٹ پروفیسر نے انتظامات کی نگرانی کی۔ ڈاکٹر اطہر حسین، پروگرام کوارڈینیٹر نے نظامت کی۔ اجلاس کا آغاز جناب غفران برکاتی، اسسٹنٹ پروفیسر کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب اور دیگر سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر لائیو ٹیلی کاسٹ کیا۔ بڑی تعداد میں اساتذہ، طلبہ اور دیگر خواہشمند افراد نے مذاکرے کا آن لائن مشاہدہ کیا اور مہمان سے میزبان کے ذریعے سوالات بھی کئے۔

آداب تلنگانہ
پیر۔ 27/ستمبر 2021ء

# اُردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی ویبنار

حیدرآباد 26/ستمبر (آداب تلنگانہ نیوز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور کلچر ہاؤس آف اسلامک ریپبلک ایران، ممبئی کے زیراہتمام یکم/اکتوبر 2021ء کو دوپہر 2 بجے زوم پر بین الاقوامی ویبنار کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ ویبنار کا عنوان ہند و ایران کے دو ممتاز مرثیہ نگار شعراء ''میرانیس و محتشم کاشانی'' ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر افتتاحی خطاب کریں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبۂ فارسی، مانو؛ پروفیسر نرگس جابری نسب، آزاد اسلامک یونیورسٹی، تہران، ایران؛ ڈاکٹر سلیمان زارے، ایران، ریٹائرڈ پروڈیوسر آئی آر آئی بی (ریڈیو ٹیلی ویژن چینل) و اسکالر شعبۂ اردو مانو؛ جناب ابوطالب رضوی، ممتاز ڈائرکٹر و پروڈیوسر؛ پروفیسر نکہت جہاں، نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو؛ پروفیسر اشتیاق احمد، سنٹر فار پرشین اینڈ سنٹرل ایشین اسٹڈیز، جے این یو، نئی دہلی؛ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ فارسی، مانو کے خطابات ہوں گے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ماڈریٹر کے فرائض انجام دیں گے۔ ڈاکٹر محسن عاشوری، ڈائرکٹر ایران کلچر ہاؤس، ممبئی شکریہ ادا کریں گے۔

آداب تلنگانہ
ہفتہ۔25/ستمبر 2021ء

# پروفیسر عین الحسن کی لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر سے ملاقات

## اُردو یونیورسٹی کے بڈگام کیمپس کی تعمیر میں تعاون کا تیقن



حیدرآباد، 24/ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کل لفٹننٹ گورنر جموں وکشمیر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ انہوں نے مانو میں اُردو کے فروغ کے لیے چلائے جارہے مختلف تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں سے متعلق لفٹننٹ گورنر کو معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے فاصلاتی تعلیم کے مسائل پر بھی گفتگو کی۔ گورنر نے بڈگام (سری نگر) میں مانو کے کیمپس کی تعمیر وترقی کا میں ہر ممکنہ تعاون کا تیقن دیا۔ انہوں نے طلبہ کی رائے (فیڈ بیک) کو ملحوظ رکھنے اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کا مشورہ بھی دیا۔ لفٹننٹ گورنر سے ملاقات سے قبل پروفیسر سید عین الحسن نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مانو کیمپس، بڈگام کی تعمیر وترقی میں مقامی حکومت وعوام کا تعاون اہم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تعمیراتی کام کا بہت جلد آغاز ہوگا۔ اس کے علاوہ ہائر ایجوکیشن فنڈنگ ایجنسی (ہیفا) سے تعاون حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیمپس کی تعمیر بعد داخلوں میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ پروفیسر عین الحسن نے مزید کہا کہ مانو، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن سے اجازت حاصل کر کے ایک فارن لینگویج کا شعبہ قائم کرنا چاہتی ہے جس میں فارسی، عربی، چینی، جرمن وغیرہ کی تعلیم ہوگی۔ اس سے قبل پروفیسر عین الحسن نے 22/ستمبر کو سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر میں منعقدہ قومی اردو سائنس کانگریس کے اجلاس بعنوان ”اردو میں سائنس کی ترسیل، ترویج اور توسیع: امکانات اور مستقبل کے حوالے سے تنظیموں کا کردار“ کی صدارت کی۔ سائنس کانگریس، وگیان پرسار، نئی دہلی اور سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر گاندھربل کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ وائس چانسلر سائنس کانگریس کے کل منعقدہ اختتامی اجلاس میں مہمانِ خصوصی تھے۔ مختلف سرگرمیوں کے دوران پروفیسر سید عین الحسن نے کل کشمیر یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ مانو کے سری نگر کیمپس میں بھی بہت جلد شعبۂ فارسی قائم کریں گے۔ انہوں نے اردو یونیورسٹی کے ریجنل سنٹر، کالج آف ٹیچر ایجوکیشن اور آرٹس اینڈ سائنس کالج، سری نگر کا دورہ بھی کیا۔ ڈاکٹر اعجاز اشرف، ریجنل ڈائرکٹر، ریجنل سنٹر؛ ڈاکٹر غضنفر علی خان، پرنسپل آرٹس اینڈ سائنس کالج اور ڈاکٹر طارق مسعودی، انچارج پرنسپل سی ٹی ای اور دیگر نے ان کا استقبال کیا۔

روزنامہ صحافیٔ دکن
SAHAFI-E-DECCAN DAILY HYDERABAD
27 ستمبر 2021

# اونچے خواب سچا جذبہ اور کڑی محنت ہی کامیابی کی کلید

## اردو یونیورسٹی کے آن لائن پروگرام گفتگو میں قیصر خالد آئی پی ایس کا اظہار خیال





حیدرآباد 26 ستمبر (پریس نوٹ) سرپرست اور اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو نہ صرف اونچے خواب دیکھنا سکھائیں بلکہ اس کے لیے ان کے اندر سچا جذبہ اور کڑی محنت کے لیے آمادگی بھی پیدا کریں۔ یہ کام سختی کے بجائے نرمی اور حوصلہ افزائی کے ذریعہ کیا جانا چاہئے۔ یہی کامیابی کی اصل کلید ہے۔ ان خیالات کا اظہار جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے کل مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ایک آن لائن پروگرام ''گفتگو'' کے تحت منعقدہ مذاکرے میں کیا۔ اسکول برائے تعلیم و تربیت اور ماڈل اسکول کے زیر اہتمام منعقدہ مذاکرے کا عنوان ''مسابقتی تیاری'' تھا۔ جناب قیصر خالد آئی پی ایس نے اس مذاکرے میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ و انچارج رجسٹرار، نے مہمان کے ساتھ مذاکرات میں حصہ لیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبۂ تعلیم و تربیت نے مذاکرہ کے موضوع پر روشنی ڈالی۔ محترمہ مومن سمیہ نے مہمان خصوصی جناب قیصر خالد کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر شائستہ پروین نے ہدیہ تشکر ادا کیا۔ کمیٹی کے اراکین میں پروفیسر عبدالسمیع صدیقی، ڈائرکٹر، سی پی ڈی یو ایم ٹی، ڈاکٹر کفیل احمد، پرنسپل، مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد اور ڈاکٹر محمد اکبر، اسسٹنٹ پروفیسر نے انتظامات کی نگرانی کی۔ ڈاکٹر اطہر حسین، پروگرام کوآرڈینیٹر نے نظامت کی۔ اجلاس کا آغاز جناب غفران برکاتی، اسسٹنٹ پروفیسر کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر کی نگرانی میں انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی ٹیم نے یوٹیوب اور دیگر سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر لائیو ٹیلی کاسٹ کیا۔ بڑی تعداد میں اساتذہ، طلبہ اور دیگر خواہشمند افراد نے مذاکرے کا آن لائن مشاہدہ کیا اور مہمان سے میزبان کے ذریعے سوالات بھی کیے۔

صحافی دکن
SAHAFI-E-DECCAN DAILY HYDERABAD
27/ستمبر 2021

# اُردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی ویبنار

حیدرآباد 26 / ستمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ فارسی اور کلچر ہاؤس آف اسلامک ریپبلک ایران، ممبئی کے زیر اہتمام یکم / اکتوبر 2021ء کو دوپہر 2 بجے زوم پر بین الاقوامی ویبنار کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ویبنار کا عنوان ہند و ایران کے دو ممتاز مرثیہ نگار شعراء "میر انیس و محتشم کاشانی" ہے۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر افتتاحی خطاب کریں گے۔ پروفیسر عزیز بانو، صدر شعبۂ فارسی، مانو؛ پروفیسر نرگس جابری نسب، آزاد اسلامک یونیورسٹی، تہران، ایران؛ ڈاکٹر سلیمان زارعے، ایران، ریٹائرڈ پروڈیوسر آئی آر آئی بی (ریڈیو ٹیلی ویژن چینل) و اسکالر شعبۂ اردو، مانو؛ جناب ابو طالب رضوی، ممتاز ڈائرکٹر و پروڈیوسر؛ پروفیسر نکہت جہاں، نظامت فاصلاتی تعلیم، مانو؛ پروفیسر اشتیاق احمد، سنٹر فار پرشین اینڈ سنٹرل ایشین اسٹڈیز، جے این یو، نئی دہلی؛ ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ فارسی، مانو کے خطابات ہوں گے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ماڈریٹر کے فرائض انجام دیں گے۔ ڈاکٹر محسن عاشوری، ڈائرکٹر ایران کلچر ہاؤس، ممبئی شکریہ ادا کریں گے۔